أخبار الجامعة والجماعة

# رئیس الجامعہ کے تبلیغی پروگرام

رئیس الجامعہ نے گزشتہ ماہ جامعہ کی زیر انتظام مساجد میں تبلیغی دروس ارشاد فرمائے ۔۱۔ جامع مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ 3 ۔۲۔ جامع مسجد السلومی اہل حدیث کریم پورہ ۳۔ جامع مسجد اہل حدیث حسن آباد ۴۔ جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ ۵۔ جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ ۶۔ جامع مسجد عمر فاروق اہل حدیث بلال ٹاؤن ۷۔ جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن ۸۔ جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث احسان روڈ کالا گجراں ۹۔ جامع مسجد اہل حدیث نزد المعراج فلور ملز کالا گجراں ۱۰۔ جامع مسجد فاروق اعظم اہل حدیث نوگراں ۱۱۔ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث خورد ۱۲۔ جامع مسجد اہل حدیث دینہ ۱۳۔ جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں ۱۴۔ جامع مسجد اہل حدیث ڈھوک صوبیدار ۱۵۔ جامع مسجد ابوبکر اہل حدیث ڈھوک جمعہ ۱۶۔ جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک ۱۷۔ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ۔

# حافظ عبدالغفور متعلم مدینہ یونیورسٹی کی پاکستان آمد و روانگی

قاری عبدالرشید صاحب کے منجھلے بیٹے حافظ عبدالغفور جو مدینہ یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں ۔اَمسال فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد بقایا تعطیلات گزارنے کیلئے جہلم آئے ۔اس دوران انہوں نے مختلف مقامات پہ دروس اور خطبات جمعہ ارشاد فرمائے ۔مورخہ 8 فروری کو اسلام آباد ائیر پورٹ سے وہ واپس مدینہ منورہ چلے گئے ۔جہاں پر انہیں ان کے دوست واحباب نے الوداع کہا۔اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل میں برکت عطاء فرمائے ۔( آمین )

# جامعہ کے طالب علم محمد شمعون کا آپریشن

جامعہ کی قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ ( درس نظامی ) ثانیہ ثانوی کے طالب علم محمد شمعون کو گزشتہ دنوں اچانک ہرنیا کی تکلیف ہوگئی ۔سول ہسپتال میں ماہر ڈاکٹروں نے ان کا کامیاب آپریشن کیا۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت انہیں شفاء کاملہ دعاجلہ عطا فرمائے ۔( آمین )

وفیات

# سیٹھی محمد ارشد صاحب کو صدمہ

6 جنوری بروز جمعۃ المبارک سیٹھی محمد ارشد صاحب کے سسر شیخ محمد سرور لاہور میں مختصر علالت کے بعد وفات پاگئے ۔اناللہ وانا الیہ راجعون !مرحوم سرکاری ملازم ہونے کے باوجود انتہائی دیانتدار تھے ۔ان کی نماز جنازہ تین بجے دوپہر گول باغ شاد باغ لاہور میں سیٹھی محمد ارشد صاحب نے پڑھائی ۔نماز جنازہ میں ان کے بڑے بھائی محمد اشرف عزیز نے بھی شرکت کی۔

## مولانا اکرام الحق صاحب کو صدمہ

مورخہ 8 جنوری بروز اتوار مولانا اکرام الحق جہلمی صاحب کے بہنوئی وقار محمود کیانی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مرکزی جامع مسجد اہل حدیث کے مستقل نمازی تھے۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## حاجی محمد اشرف صاحب کو صدمہ

مورخہ 25 جنوری بروز بدھ حاجی محمد اشرف صاحب (چوہدری جیولرز والے) کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! مرحومہ پرہیز گار اور با اخلاق خاتون تھیں۔

## ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کو صدمہ

مورخہ یکم فروری بروز بدھ ڈاکٹر محمد اقبال رانا صاحب کے والد گرامی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد علیا اہل حدیث سول لائن کے مستقل نمازی تھے۔ بڑے ہی متقی پرہیز گار اور شب زندہ دار انسان تھے۔ ان کی نماز جنازہ ٹینکی والی گراؤنڈ بلال ٹاؤن میں مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکور بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (القرآن)

اور بے شک ہم نے قرآن کو سمجھنے کیلئے آسان کر دیا ہے پس کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

قرآن فہمی کیلئے

# ترجمہ قرآن کلاس کا اجراء

داخلہ شروع ہے

بوقت بعد از نماز مغرب (دورانیہ کلاس آدھ گھنٹہ)

بمقام مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث جہلم